For placing them in Class I, the possibility of a thorough screening of the present 1,500 teachers in the Punjab is not ruled out. The Government is yet to decide whether to create a special cadre for them or merge them with the Government teachers cadre. The Government is also examining the question whether they should be sent to the Public Service Commission to qualify for Class I.

پاکستانی عوام کے نام، ایک پیغام

وطن عزیز کے استحکام اور خوشحالی کے لئے آگے بڑھئے
اور اس بات کا فیصلہ کیجئے کہ آپ ہمیشہ
اپنی قومی ایئرلائن **پی آئی اے** کے ذریعے سفر کرینگے

Now you can fly home to Pakistan for only $515

DIRECT FROM NEW YORK.

This new low fare allows you to travel from New York to Karachi for a minimum stay in Pakistan of 21 days and a maximum stay of 120 days. This fare does not require groups or associations and allows you to leave any time you want.

You can fly from New York every Wednesday, Friday and Saturday at 10:45 P.M.

PAKISTAN INTERNATIONAL AIRLINES

PIA

Mr. Altaf Ahmed
Pakistan International Airlines
545 Fifth Avenue
New York, N.Y. 10017

I want to fly home for the lowest fare in history. Tell me more.

Name____________________

Street____________________

City__________ State_______ Zip______

مزید تفصیلات کیلئے اپنے ایجنٹ یا پی آئی اے کے کسی بھی آفس سے رابطہ قائم کریں۔

پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز

Pakistan International Airlines
Royal Trust Tower – TD Centre, Toronto.
Tel. 364 - 1375.

CORRODED BY AUTHORITY

A CLASSIC example of how easily authority is corroded if those at the helm show scant respect for other people is provided by the setting up of a parallel government in the so-called Bangla Desh. The Prime Minister of the so-called Bangla Desh, in spite of his popularity and his party's unparalleled success in the last general elections, has not been able to keep people as united as they were before and immediately after the elections. Deteriorating economic conditions, rising unemployment and frequent visitations by natural calamities and its own errotic behaviour have made the party in power so unpopular that there is hardly a sector in which the 'mighty' Banglabandhu, can claim to enjoy support of the populace.

Such thing would not have come to pass had the Awami League leaders showed some farsight and some imagination, both before and after seizing power. The Awami League in power is just the opposite of the Awami League out of power. Before it came into power it had led the people to believe that they were being cruelly exploited and that once the Awami League assumed power it would not only end all exploitation but would establish a just social order in which man will not be able to exploit man. As if their party's manifesto was not enough, the Awami Leaguers, in a bid to catch votes, went about promising everything on earth --jobs, houses, decent living standard--besides ushering in a democratic era. And if the masses took them at their words it is the Awami Leaguers alone who are to blame. They should have known that the promises were not possible of fulfilment. But they did not seem to keep in mind the consequences of their hollow promises. It is therefore, no wonder that today their Sonar Bangla is beset not only with serious economic problems but all kinds of troubles are plaguing the land and people are rising in revolt.

The Awami League, committed though it is to democracy and rule of law, has let loose a reign of terror. It is persecuting its political adversaries who had fought with it. Civil liberties remain a dream in spite of the irrevocable commitments made in the Awami League manifesto. Even a semblance of freedom is not allowed and those that dare to assert their right to differ with the Awami League face ignominy and torture. The seven months under the Awami League have seen the worst of tyrannies. Due to lack of political acumen, purely political issues are handled in a most impolitic manner with the result that the Awami League which came to power with the massive support of the people is fast losing ground; and if the present trend remains unchecked, the day is not far when the Awami League will lose people's backing and consequently power. The setting up of a parallel government by the National Awami Party of Maulana Abdul Hamid Khan Bhashani and corrosion of Awami League's popularity among the peasants, workers and students is an eloquent testimony to the bankruptcy of the Awami League leadership --and its loss of touch.

Plans for powerful radio transmitters all over country
—NIAZI

PESHAWAR, Aug. 12: Maulana Kausar Niazi, Central Minister for Information, Broadcasting, Haj and Auqaf, said here today that the Government planned to instal powerful radio transmitters all over the country.

Talking to newsmen here, he said it was the endeavour of the Government to modernise and strengthen this mass media. The past regimes paid little attention towards it he added.

Replying to a question, Maulana Kausar Niazi said the various aspects of the proposal to establish a joint Corporation of Radio and Television were being reviewed at present. He, however, hoped that it would be finalised within the current year.

When told that a local Urdu daily newspaper had been hard hit as a result of the NWFP Government's decision to distribute advertisements locally, the Central Information Minister remarked that it was a new aspect of the Press freedom which had come before the newspapers of this region.—APP.

French envoy meets WPIDC chief
PARTICIPATION IN PROJECT DISCUSSED

KARACHI, Aug. 31: The French Ambassador in Pakistan, Mr. Henry Bayle, called on WPIDC Chairman, Mr. A. R. Faridi, this morning and discussed the possibility of French participation in WPIDC's new projects particularly the Heavy Electrical Complex, Taxila, the Natural Gas Fertilizer Factory, Multan, and exploration of minerals.

The Ambassador also discussed with Mr. Faridi the progress made on the WPIDC projects of Indus Gas Company, Zeal-Pak Cement Factory, Pakistan Machine Tool Factory, Pak-American Fertilizers, Lyallpur Chemicals and Fertilizer Factory and Quetta Collieries in which France has already invested about Rs. 9 crore.

The Ambassador showed keen interest in Pakistan's industrial development and hoped French financiers would come forward to invest more capital in the country's project.—APP.

The hand that rises to injure Pakistan will be cut--Wali

PESHAWAR, Aug. 7: Khan Abdul Wali Khan, President of the National Awami Party, has urged the people to forge complete unity in their ranks to protect the country from external as well as internal threats.

Addressing a public meeting at Mansehra this morning he said the country has never been in such dire need for unity and solidarity as now.

He however, regretted that at such critical times some members of the central cabinet were bent upon creating a rift between the centre and province. They have not learnt any lesson from the tragic affair of East Pakistan.

Accusing the People's Party of trying to create the same conditions in NWFP and Baluchistan which they had done in Sind and the Punjab, Wali Khan asked it to concentrate on honouring the commitments made to the people.

He said NAP had always stood for the rights of the people. It firmly believed in democracy and had offered sacrifices for it. He said it was due to the campaign of the National Awami Party that the curse of Martial Law was lifted and the National and Provincial Assemblies star'ed functioning.

Criticising Qaiyum Khan, he said in the recent disturbances in Sind and the Punjab, instead of going to restore law and order the central home minister chose to visit Dir, Swat and Parachinar to create misunderstanding between the central and the provincial governments.

He said that the country was passing through a most critical period of its history. It had been cut into two. The industrial and agricultural production had come to a stand-still and the Muslims were being killed by the Muslims. Viewed in that context, the activities of certain central ministers were intriguing.

This would not be tolerated. Any attempt to break up what remained of Pakistan would be ruthlessly dealt with. The hand that rises to cut Pakistan would be severed, he declared.

Khan Abdul Wali Khan said that NAP could neither forget nor compromise its promises and principles. This party would never betray the masses, he said.

Pakistani art show ends in Brussels

ISLAMABAD, Aug. 31: The exhibition, 'Twenty-five years of Pakistani paintings,' which opened at Brussels on the 10th of this month, concluded today after attracting large numbers of lovers of art from all parts of Belgium.

The exhibition inauguration attended by two Belgium Ministers Hanin and Van Mecholen and the Ambassador of Pakistan in Brussels, Mr. Masood, and the Curator of the Museum of Art and History, Mr. De Roo.

Almost all the leading newspapers of Brussels in their comments commended the Pakistani paintings and art.

Baluchistan to have country's largest cement plant

KARACHI, Aug. 31: The West Pakistan Industrial Development Corporation proposes to set up country's largest cement plant in Baluchistan with an annual capacity of 20 lakh tons at a cost of over Rs. 50 crore.

This plan was discussed at a meeting between the Baluchistan Chief Minister, Sardar Ataullah Khan Mengal, and the WPIDC Chairman, Mr. A. R Faridi, on Wednesday.

The factory to be set up at Lasbela will be completed in three stages with six lakh tons annual production in the first stage.

The WPIDC has prepared ambitious plans for the development of Baluchistan's industrial as well as mineral resources which include exploration of iron ore deposits for a steel plant, coke development scheme on which experimental work is in progress from the coal of Sharigh mines, supply of gas to Quetta in the form of air mix liquefied petroleum gas, exploration of flourite sulphur and extraction of copper from Nokundi iron ore.

The WPIDC development plan allocations for Baluchistan for the Fourth Plan period are Rs. 8 crore in addition to the large block provision for all provinces. So far WPIDC has invested over Rs. 9 crore on completed as well as on-going projects in Baluchistan, a major portion of which is invested in coal mines.

Probe into alleged maltreatment of Pakistanis abroad

ISLAMABAD, Aug. 12: Mr. Mahmud Ali, Minister of State for Overseas Pakistanis, has initiated inquiries into the alleged harassment and maltreatment of the Pakistanis wishing to enter West Germany, Holland, Belgium and France by the police and custom authorities of these countries, it was officially stated today.

There exist visa abolition agreements between Pakistan and most of the West European countries. According to these agreements, Pakistanis can freely enter these countries and stay there for three months.—APP

ادب

مرزا محمد رفیع سودا ۱۷۱۳ء تا ۱۷۸۱ء

سودا اُردو ادب کا سب سے بڑا قصیدہ نگار گزرا ہے۔ قصیدہ گوئی کیلئے جس فصاحت بلاغت اور جن بلند مضامین اور پُر شکوہ الفاظ کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان سب کو سودا نے بہ حسن خوبی تکمیل دی اور تخیل و لفظیات کا بیش بہا خزانہ اردو زبان کو عطا کیا۔ ان تمام خوبیوں کیساتھ ساتھ ایک اہم بات یہ بھی ہے کہ اس زمانے کے سیاسی اور سماجی حالات کا مکمل نقشہ سودا کے قصیدوں میں موجود ہے۔ گویا سودا کا کلیات اپنے عہد کی منظوم تاریخ ہے۔

سودا نہایت ہی زندہ دل اور خوش طبع انسان تھے۔ مزاج میں اس قدر شوخی اور ظرافت تھی کہ وہ اپنے بزرگ لوگوں سے بھی مذاق کرنے سے نہیں چوکتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے قصیدوں کیساتھ ساتھ ہجو بھی بہت لکھی ہے جس کیلئے وہ فطرتاً موزوں تھے۔

اگرچہ سودا اردو ادب میں اپنے معرکۃ الآرا قصیدوں کیوجہ سے پہچانے جاتے ہیں۔ لیکن اُن کی غزلیں بھی اپنی جگہ بڑی خوبصورت ہیں۔

مثلاً چند شعر ملاحظہ ہوں ـــــ

وہ صورتیں الٰہی کس دیس بستیاں ہیں
اب جنکے دیکھنے کو آنکھیں ترستیاں ہیں

کیفیتِ چشم اُس کی مجھے یاد ہے سودا
ساغر کو مرے ہاتھ سے لینا کہ چلا میں

فکرِ معاش، عشقِ بتاں، یادِ رفتگاں
اس زندگی میں اب کوئی کیا کیا کیا کرے

کسی نے رنگ پر اس کے دل نہ کیجئے چشم تر ہرگز
بہت سا رہئیے ان پر دامن جیسے یہ خس ہیں

سودا کے جو بالیں پہ ہوا شورِ قیامت
خدامِ ادب بولے ابھی آنکھ لگی ہے

سودا جو ترا حال ہے اتنا تو نہیں وہ
کیا جانیئے تو نے اسے کس آن میں دیکھا

اعزازی ڈگری

پروفیسر عزیز احمد نے اسلامی تاریخ پر جو کتابیں لکھی ہیں۔ انکی اس خدمت کے سلسلہ میں لندن یونیورسٹی نے عزیز صاحب کو (ڈی۔لٹ) کی اعزازی ڈگری سے نوازا ہے۔ پروفیسر عزیز پہلے پاکستانی ہیں۔ جنکو یہ اعزاز نصیب ہوا ہے۔ ادارہ ان کو اس سلسلے میں مبارکباد پیش کرتا ہے۔

بشیر احمد بشیر

سایۂ ابر و شجر یاد آیا
کن دیاروں کا سفر یاد آیا

بے خیالی میں اٹھاتے ہی کتاب
کوئی کھلتا ہوا در یاد آیا

ذہن میں شعر کا مضمون اُبھرا
ایک محتاط نظر یاد آیا

چھوڑ دیں شہر بجا ہے لیکن
کیا کریں گے وہ اگر یاد آیا

کیا عجب لوگ تھے کیا بستی تھی
ایک دن بھی تو نہ گھر یاد آیا

سحر و شام بھلایا اُس کو
سحر و شام مگر یاد آیا

اتفاقاً تجھے دیکھا تو بشیر
حلقۂ اہلِ ہنر یاد آیا

ـــــ اوراق لاہور

غزل ۔ جاں نثار اختر

آئے کیا کیا یاد نظر جب پڑتی ان دالانوں پر
اُسکا کاغذ چپکا دینا گھر کے روشن دانوں پر

آج بھی جیسے شانوں پر تم ہاتھ مرے رکھ دیتی ہو
چلتے چلتے رک جاتا ہوں ساڑھی کی دکانوں پر

برکھا کی تو بات ہی چھوڑو، چنچل ہے پُروائی بھی
جانے کس کا سبز دوپٹہ پھینک گئی ہے دھانوں پر

اور جو سینہ کیسے تکتا اور کمر پر کیا جاتی
جب بھی اُس کے پیر پھسلنے لگتے تھے ڈھلوانوں پر

اُس کا کیا من بھید بتاؤں اُسکا کیا انداز کہوں
بات بھی میری سننا چاہے ہاتھ بھی رکھے کانوں پر

سستے داموں لے تو آتے لیکن دل تھا بھر آیا
جانے کس کا نام کھدا تھا پیتل کے گلدانوں پر

شہر کے تپتے فٹ پاتھوں پر گاؤں کے موسم ساتھ چلیں
بوڑھے برگد ہاتھ سا رکھ دیں میرے جلتے شانوں پر

غربت جیسی غربت یارو غربت کا کیا حال کہیں
جانے کتنے خون ہوئے کے پیسوں پر کے آنوں پر

شعر تو ان پر لکھے لیکن اوروں کو منسوب کئے
ان کو کیا کیا غصہ آیا نظموں کے عنوانوں پر

یارو اپنے عشق کے قصے یوں بھی کم مشہور نہیں
کل تو شاید ناول لکھے جائیں ان رومانوں پر

حسنِ انتخاب ـ

اقبال شوانہ

دیوانہ ہمیں اب تماشائی کی بیاہیں
پھولوں کی قسم چاک گریباں نظر آئے
جب چاہیں گے خود ہی ڈبو دیں گے سفینہ
[illegible]

یہ الگ بات ہے شرمندۂ تعبیر نہ ہوں
ورنہ ہر دل میں کئی تاج محل ہوتے ہیں

صدائے پاکستان

ہم سے طلب فرمائیں

1. Afro-Asian Food Dist.
   918 Pape Ave, Toronto.
2. Indo-Pak Trading Ltd.,
   111 Dupont St, Toronto.
3. West Toronto Music Cent.
   781 Queen St. W. Toronto.
4. Ali- Baba Restaurant.
   Centre St. Niagra Falls.
5. Kashmir Restaurant.
   233 Jean-Talon St. W.
   Montreal. 327. Que.
6. Oriental Foods.
   3708 N. Broadway,
   Chicago. Ill. 60613.
   U.S.A.

****

SADA-I-Pakistan.
P.O.Box.303. Station D
Toronto.9.Canada.......

بزمِ خواتین

عزیز بہنوں

آداب

یہ حصہ خواتین کے پُر زور اصرار پر شروع کیا گیا تھا، مگر خواتین کا زور و شور اور اصرار غالباً اس کے صفحہ کے آغاز کے ساتھ ہی ختم ہو گیا ـــ

ہمیں کبھی کبھار ایک آدھ خط مزید موصول ہو جاتا ہے، جس میں مشورہ کم اور حوصلہ افزائی زیادہ ہوتی ہے،

ہماری بہنوں کی ایک بڑی تعداد اس برِ اعظم میں موجود ہے، ان کی دلچسپی ہمارے لیئے اور عام قارئین کے لیئے اور سب سے بڑھ کر "صدائے پاکستان" کیلئے ایک رحمت ہو گی ـ آپ ہمیں لکھیئے آپکو کس طرح کے مضامین نظمیں اور افسانے پسند ہیں، ہم آپ کی پسند پوری کرنے کی از حد کوشش کریں گے، "اگر ایک عورت ایک کہانی پسند ہے یا آپ چاہتی ہیں کہ ہم پانچ عورتیں لکھ کر کہانیاں "جواب دیں تو ایسا بھی ممکن ہے، مگر جب تک ہمیں آپ کی پسند کا علم نہ ہو کچھ فیصلہ کرنا ممکن نہ ہو گا ـــ

امید ہے آپ پہلی فرصت میں اپنی پسند کے متعلق لکھیں گی، زیادہ نہیں تو اپنا پسندیدہ شعر ہی لکھ بھیجیں ہم "حسنِ انتخاب" کے زیرِ عنوان شاملِ اشاعت کر لیں،

والسلام

ایڈیٹر بزمِ خواتین

دسترخوان

بواسطہ مسز خواجہ

گلاب جامن

۱۔ اجزا :- کھویا ایک پاؤ، پنیر آدھا پاؤ، چینی آدھ سیر، گھی ایک پاؤ، سبز الائچی دس بارہ، میٹھا سوڈا یا بیکنگ پاؤڈر، چائے کی آدھی چمچی، میدہ دو بڑے چمچے۔

۲۔ ترکیب :- کھویا اور پنیر خوب ملائیں اور ہاتھوں سے اُسے اتنا پھینٹیں کہ ایک جان ہو جائے اب اس میں الائچی باریک پیس کر ملا دیں۔ بیکنگ پاؤڈر یا سوڈا ملا کر پھر گوندھیں اور پھر آدھا گھنٹہ ایسے ہی پڑا رہنے دیں۔

چینی میں پانی ڈال کر ایک تار کی چاشنی بنا لیں اب کڑاہی چڑھا کر گھی کڑکڑا لیں اور آنچ ہلکی کر دیں۔ اب اس میں چھوٹی چھوٹی گولیاں کھوئے اور پنیر کی بنا کر تل لیں سرخ ہونے پر نکالتے جائیں اور شیرے میں ڈالتے جائیں اور چمچے سے اُنہیں شیرے میں ڈبو دیں۔ ٹھنڈے ہونے پر یا گرم گرم نوش فرمائیں۔

چائنیز پلاؤ

۱۔ اجزا :- چاول آدھ سیر، ڈالڈا آدھ پاؤ، انڈے دو عدد، مُرغی اُبلی ہوئی کے چند ٹکڑے، گاجر دو عدد اُبلی ہوئی، گوبھی کے پھول تھوڑے سے، چند ٹکڑے نمک ڈال کر اُبلے ہوئے، پیاز مع ہری ڈنڈی کے چار عدد۔

۲۔ ترکیب :- چاول نمک ڈال کر دو کنی اُبال لیں اور باریک کپڑے سے چھان لیں سب سبزیاں اور مُرغی کے ٹکڑے علیحدہ علیحدہ اُبال کر تیار کر لیں۔

ایک دیگچی میں ڈالڈا ڈال دیں خوب گرم کریں۔ کڑکڑائیں نہیں اب اسمیں کٹی ہوئی سبز پیاز مع سبز ڈنڈی کے اُبلی ہوئی سبزیاں اور مُرغی کے ٹکڑے اور دو تین ہری مرچ کاٹ کر ڈال دیں ایک دو چمچے چلانے کے بعد دونوں انڈے کھول کر ڈالدیں اور جلدی جلدی چمچہ چلائیں، زیادہ بھونا نہیں جائے گا اور نہ سُرخ کیا جائے گا۔ اب اُوپر چاول ڈال کر دم پر لگا دیں۔ پندرہ منٹ کے بعد جب چاول ٹھیک ہو جائیں تو اُتار لیں۔ چائنیز پلاؤ تیار ہے۔

چمچہ نامہ

انعام درانی

پشت پر تیری چمچے اکڑتے رہے
سامنے تیرے ماتھا رگڑتے رہے
جن کی جڑ کرنے مضبوط چمچا چلا
فصلِ گل میں وہ سب پیڑ جھڑتے رہے
جس کے دامن پہ چمچے ہوئے مہرباں
اُس کے بخیے سرِ عام ادھڑتے رہے
آزمائش پڑی تو اُڑن چھو ہوئے
اجنبی جیسے مل کر بچھڑتے رہے
اُس تناسب سے چمچے ہوئے کم سے کم
جس قدر اُن کے آقا سکڑتے رہے
جس کی محفل میں چمچوں کا تانتا بندھا
اُس کے ہمدرد ساتھی بچھڑتے رہے
کوئی بپتا پڑی ہے تو میلوں پرے
جتنے چمچے تھے بھی پیر پڑتے رہے
اپنی ہانکی ہوئی گپ کی تائید میں
جھوٹ پر جھوٹ دن رات گھڑتے رہے
تیل مالش کا جس کو بھی چسکا ہوا
پیر مسند سے اُس کے اکھڑتے رہے
جن کو چمچے چڑھایا کئے بانس پر
وہ شماتت کی دلدل میں گڑتے رہے
اُس کی ہستی کا سُرمہ نہ پایا گیا
جس کو چنگل میں چمچے جکڑتے رہے
شہسوار اُس کو چمچوں نے ثابت کیا
راہ میں جس کے رہوار اڑتے رہے
اُن کے چمچے بہر حال ہیں جوں کے توں
قائدین اپنے بنتے بگڑتے رہے

شہریار جنگ، کراچی

پھول اور کانٹے

چہار درویش

سانحہ میونخ

میونخ میں اولمپکس کھیلوں کے درمیان بلیک ستمبر گروپ کے آٹھ عرب گوریلوں کی وجہ سے گیارہ اسرائیلی کھلاڑیوں کا قتل ایک عظیم سانحہ ہے۔ اولمپکس کی کھیلیں صحت مند تقابلوں اور بین الاقوامی صلح جاری کا نشان ہیں۔ ان کھیلوں کو کسی قسم کے سیاسی جھگڑے کیلئے استعمال کرنے کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ مگر اسوقت جبکہ دنیا کے سامنے ٹیلیویژن، ریڈیو اور اخبارات کے ذریعے یہ خونی ڈرامہ بار بار دہرایا جا رہا ہے۔ جس میں یہودیوں کی بیچارگی اور عربوں کے ظلم و ستم کا اظہار ہوتا ہے۔ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیئے کہ اسی بہانے سے اسرائیلی فوجیں شام اور لبنان میں تقریباً دو سو عرب بوڑھوں، بچوں اور عورتوں کا قتل عام کر چکی ہیں۔

میونخ میں عرب گوریلے بارہا اعلان کر چکے تھے کہ وہ اسرائیلیوں کو مارنا نہیں چاہتے بلکہ اپنے ان دو سو ساتھیوں کی آزادی چاہتے ہیں۔ جو اسرائیل کی جیلوں میں بند ہیں۔ بالآخر انسانی وقار اور آزادی حاصل کرنے کیلئے عرب گوریلوں کا طریقہ کار بہتر نہیں۔ مگر جس قوم کو نیست و نابود کرنے کیلئے نہ صرف یہودی بلکہ تمام دنیا تُلی ہوئی ہو۔ اُسکے پاس اور کیا چارہ ہے؟

آج سے ۲۴ برس پہلے یہودیوں نے اپنی طاقت اور تشدد سے (1,500,000) فلسطینی عربوں کو بے گھر کیا جو آج تک بے ٹھکانہ ہیں۔ اور بقیہ (1,500,000) فلسطینی اپنے ہی ملک میں یہودیوں کے تحت تیسرے درجہ کے شہریوں کی ذلت آمیز زندگی گزار رہے ہیں۔ کیا یہ ظلم سانحہ نہیں؟

آج جبکہ تمام دنیا کے یہودی اور دوسروں کے بڑے بڑے لیڈروں کی آنکھیں۔ گیارہ اسرائیلیوں کی موت کیوجہ سے آنسو رو رہی ہیں۔ کیا یہ بہتر نہیں کہ دنیا کے بڑے بڑے اخبارات کے رپورٹر اور ٹیلی ویژن کے کیمرے ان تین ملین (MILLION) فلسطینی آنکھوں میں جھانکیں۔ جو زندہ رہتے ہوئے بھی مردہ ہیں۔!

اتحاد

ٹورانٹو میں سفیر پاکستان جناب جمشید مارکر نے قیام دورہ کے درمیان یہاں کے چیدہ چیدہ پاکستانیوں سے ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں میں نہ صرف انہوں نے پاکستان کے موجودہ حالات و مسائل سے انکو آگاہ کیا۔ بلکہ تارکین وطن پاکستانیوں سے یہاں پیش آنے والے مسائل بھی سنے۔

احباب پاکستان کے ساتھ ہونے والی ملاقات کے درمیان انہوں نے کہا ہم لوگوں نے یہاں رہتے ہوئے بھی وطن عزیز میں ہونے والے حالات سے سبق نہیں سیکھا۔ ہم پارہ پارہ ہیں۔ سابقاً انہوں نے کینیڈا کے ایک بہت بڑے عہدہ دار کا حوالہ دیا۔ جنہوں نے جناب مارکر کو ایک ملاقات کے درمیان کہا "جی ہاں یہاں بہت پاکستانی رہتے ہیں۔ مگر اُنکی اتنی ہی جماعتیں ہیں —" تو نہ صرف اپنے لیئے ہنسی کا باعث ہوتے ہیں۔ بلکہ دوسرے بھی ہم پر ہنستے ہیں۔

صرف ٹورنٹو میں تقریباً ۱۲ مختلف جماعتیں ہیں۔ ہر ایک اپنی اپنی جگہ پر اعلیٰ ارادے رکھتی ہے۔ کیا یہ بہتر نہیں کہ ہماری ایک جماعت ہو اور ۱۲ مختلف شعبہ جات ہوں ——؟

اتحاد کے کئی فوائد کیساتھ ساتھ ایک فائدہ یہ بھی ہوگا کہ ہم وہ سرکاری گرانٹ بھی حاصل کر سکیں گے جو اصولاً ہمارا حق ہے۔

مشورہ

[illegible] مشہور شاعر مولانا حالی کو اپنی غزل سنائی۔ پھر کہا میں چاہتا ہوں کہ اپنی غزل کو خوشخط لکھوا کر شہر کے دروازے پر لٹکا دیا جائے تاکہ گزرنے والوں کی نگاہ پڑے اور غزل خوب مشہور ہو جائے۔ مولانا نے فرمایا" اور بہتر ہے کہ غزل کے ساتھ شاعر کو بھی لٹکا دیا جائے۔"

ہمارے چند ایک مہربان دوستوں کو بھی یہی مشورہ دیا جا سکتا ہے۔ جو خود کو شاعر منوانے پر تلے ہوئے ہیں۔!

خط آپ کے

ادارہ کا مراسلہ نگاروں کی آراء سے متفق ہونا ضروری نہیں

ہیلی فیکس -
۲۵ اگست ۷۲ء

جناب عالی -

السلام علیکم :-

ہیلی فیکس اور ڈارٹ ماؤتھ میں تمام پاکستانیوں نے اخبار "صدائے پاکستان" کے اجراء اور اشاعت کو قابل تحسین امر قرار دیا ہے۔ خاص طور پر اس اخبار کے ہر شمارے کو ہم نے پہلے شمارے سے بہتر پایا ہے۔ ہماری دعائیں آپ کی اس کاوش کی کامیابی کیلئے ہیں۔ ہم نے انفرادی طور پر "صدائے پاکستان" کو دوسرے شہروں میں مقیم پاکستانیوں کو مختلف ذرائع سے روشناس کرایا ہے۔ امید ہے کہ ہماری طرح ان حضرات نے بھی آپ کے اس نیک کام سے متاثر ہو کر سالانہ چندہ بھیجا ہوگا۔

آپ سے گزارش ہے کہ آپ آئندہ شماروں میں ادبیات کو محدود کر کے انکی جگہ کینیڈا میں پاکستانی انجمنوں کی کارروائیوں کی تفصیل شائع کریں۔ تاکہ اسطرح کینیڈا کے مختلف علاقوں کے پاکستانیوں میں ربط اور ہم آہنگی پیدا ہو۔ اور اسی کیساتھ ایک دوسرے کے خیالات اور نئی کارروائیوں کا بھی علم ہو سکے۔

یہاں کی پاکستانیوں کی ایک اور اہم شکایت یہ ہے کہ ہمیں پرچہ باقاعدگی سے نہیں مل رہا۔ مثلاً مجھے، میرے احباب ڈاکٹر قدیر صدیقی، غلام حسین اور عارف یحییٰ کو جولائی اور ۱۶ اگست والے شمارے ابھی تک موصول نہیں ہوئے۔ ہم سب نے آپ کے اخبار کا چندہ دیا ہے۔ یہ شکایت بہت اہم ہے کیونکہ اگر ادارے میں اس قسم کی بدانتظامیوں سے ہم کنار ہونا پڑے۔ تو پاکستانی جو آپ کی کوشش کے مداح ہیں۔ آپکے اس نیک کام کے فروغ دینے میں گریز کریں گے۔

امید ہے کہ آپ ان شکایات کو جلد از جلد دور کریں گے۔

فقط۔ اظہار مرزا۔

نوٹ :-

ہمیں نہایت افسوس ہے کہ چند وجوہات کی بنا پر "صدائے پاکستان" کا پرچہ کئی پاکستانی بھائیوں تک نہیں پہنچ رہا۔ اگر پہنچ بھی رہا ہے تو کافی دیر کے بعد۔

ادارے کو اس سلسلہ میں کافی شکایات موصول ہوئی ہیں۔ ہم تمام بھائی بہنوں کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ہم تک بذریعہ خط و کتابت جلد شکایات پہنچائیں۔

ادارہ اس سلسلہ میں اپنی پوری کوشش کرے گا کہ آئندہ کسی بھی بھائی یا بہن کو دوبارہ شکایت کا موقع نہ ملے۔

ایڈیٹر۔

اپنی شکایات "صدائے پاکستان" پوسٹ بوکس ۳۰۳ سٹیشن ڈی ٹورانٹو کے پتہ پر بھجوائیں۔ ادارہ

مجیب وزیر اعظم بن کر مشرقی پاکستان کو آئینی طور پر الگ کرنا چاہتے تھے

صدر بھٹو نے پاکستان کو سنگین نقصانات سے بچالیا، امریکی اخبار میں حمود الرحمٰن کمیشن کی رپورٹ کے بارے میں انکشاف

مجیب ملک کے تمام اثاثے مشرقی پاکستان منتقل کرنا چاہتے تھے

یحییٰ خاں نے ملک کو ٹکڑے کرنے کے لئے بیج بویا تھا

راجہ رانی کے ساتھ

اقوام متحدہ میں بنگلہ دیش کی شرکت

روس برصغیر میں اپنی جارحیت کو قانونی شکل دینا چاہتا ہے

ہم ہمیشہ حق و انصاف کی حمایت کرتے رہیں گے" چینی کیمونسٹ پارٹی کے اخبار کا اعلان"

چین کے ساتھ دفاعی معاہدہ کیا جائے

فیروز قیصر وزارت صنعت کے انچارج ہونگے

جنگی قیدیوں کی پوری تنخواہوں کی انکے کنبوں کو ادائیگی

قرآن مجید کا جاپانی ترجمہ

پاکستانی جنگی قیدیوں پر مقدمہ چلانے کیلئے انہیں بنگلہ دیش بھیجنے کی تیاری

قیدیوں کے پہلے دستے کی منتقلی کی تاریخ بھی طے ہوگئی، ججوں کا تقرر مجیب کی واپسی پر ہوگا

پہلے دستہ میں جنرل نیازی اور جنرل فرمان علی شامل ہونگے

جنگی قیدیوں کے دفاع کیلئے ۴۲ امریکی قانون دان پاکستان آئینگے

قیدیوں پر مقدمات چلانے کا حق صرف پاکستان کو حاصل ہے ممتاز ماہر قانون کا بیان

۸ سو بیمار اور زخمی پاکستانی جنگی قیدیوں کی رہائی پر مجیب کا ویٹو

یکم ستمبر سے نجی کالجوں کو قومی تحویل میں لینے کے بعد

اساتذہ افسر درجہ اول ہو جائیں گے

کالجوں کی عمارتیں تبدیل نہیں ہوں گی

۵۸ سال کے اساتذہ ریٹائر ہو جائیں گے

پنشن یافتہ اساتذہ الگ کر دیئے جائینگے

۵۰ لاکھ سائیکلیں ۱۰ ہزار موٹر سائیکلیں درآمد کی جا رہی ہیں!

اسلام آباد، اس سال ایک لاکھ سے زیادہ افراد فریضہ حج ادا کریں گے اور اس پر ۲۸ کروڑ روپیہ کا زر مبادلہ خرچ ہوگا

حکمران جماعت تیزی سے مقبولیت کھوتی جا رہی ہے

بہاریوں پر نئے مظالم

مشرقی پنجاب کے سکھوں کو برطانیہ کے اکالیوں کی جانب سے اسلحہ کی امداد کی یقین دہانی

چینی کی قیمت میں اضافہ کی تردید

کسی سے تعلقات بہتر بنانے کیلئے چین سے دوستی ختم نہیں کیجا سکتی

ہم سے کہا جا رہا ہے کہ حقائق کو تسلیم کرو لیکن یہ کام یک طرفہ طور پر نہیں ہوسکتا: چینی ... کے عشائیہ میں تقریر

بڑی طاقتیں جارحیت کے حق میں ویٹو استعمال کرتی رہی ہیں

بنگلہ دیش کے سلسلہ میں چین کا ویٹو منصفانہ تھا: چیا ڈ کوان ہوا

راولپنڈی ۲۹ اگست (اپ پ) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے آج شب یہاں اعلان کیا ہے کہ چین اور پاکستان کی دوستی اسی طرح برقرار رہے گی اور دوستی کے قدم کبھی پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ صدر نے آج مقامی ہوٹل میں پاکستان کے دورہ پر آئے ہوئے چین کے نائب وزیر خارجہ چیاڈ کوان ہوا کے اعزاز میں عشائیہ کے موقع پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہم اسی طرح چین کے ساتھ ہیں جس طرح چین ہمارے ساتھ ہے۔ صدر نے اپنے مہمان سے کہا کہ وہ چینی رہنماؤں کو اس امر سے آگاہ کر دیں کہ پاکستان کی حکومت اور عوام چینی حکومت اور عوام کے ساتھ دوستی کو مضبوط تر بنانے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھیں گے ...

روس بنگلہ دیش کی خودمختاری کیلئے خطرہ بن گیا ہے: بھاشانی

بدعنوانیوں کے خاتمہ کیلئے بنگلہ دیش میں مخلوط حکومت قائم کی جائے

شیخ مجیب بھارت دوستی میں اتنے آگے نہ بڑھیں کہ بنگلہ دیش بھارت کا غلام بن جائے

نئی دہلی ۲۹ ستمبر (اپ پ) رائٹر) نام نہاد بنگلہ دیش میں نیشنل عوامی پارٹی کے معمر رہنما مولانا عبدالحمید خان بھاشانی نے شیخ مجیب الرحمن کی موجودہ حکومت کی جگہ وہاں مخلوط حکومت قائم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ بنگلہ دیش کے قائم مقام وزیراعظم سید نذرالاسلام کے نام ایک یادداشت میں ۹۰ سالہ مولانا بھاشانی نے تجویز پیش کی کہ شیخ مجیب اور ان کی عوامی لیگ اس قسم کی تمام پارٹیوں کی حکومت کی قیادت کر سکتی ہے ...

جسٹس وحید الدین قائم مقام الیکشن کمشنر ہونگے

آج چیف جسٹس سے عہدہ کا حلف لیں گے

کراچی ۳۰ ستمبر (اپ پ) سپریم کورٹ کے جج مسٹر جسٹس وحید الدین احمد کل صبح ہائیکورٹ کی عمارت میں قائم مقام الیکشن کمشنر کے عہدے کا حلف اٹھائیں گے

نوابزادہ شیر علی کو جیل میں بی کلاس سے سی کلاس میں منتقل کر دیا گیا

کراچی ۲۰ اگست (نمائندہ خصوصی) نوابزادہ شیر علی خان کو گزشتہ روز کراچی سنٹرل جیل میں بی کلاس سے سی کلاس میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ انہیں تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۱۲۴ الف کے تحت گرفتار کیا گیا تھا ...

لیبر اصلاحات کی خاص خاص باتیں

اسلام آباد ۳۰ اگست (اپ پ) آج شام یہاں وزیر محنت نے جن نئی لیبر اصلاحات کا اعلان کیا ہے ان کی خاص خاص باتیں یہ ہیں

• — صوبائی حکومتوں کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ جن اداروں کیلئے بھی مناسب سمجھیں فیکٹریز ایکٹ کا اس پر اطلاق کریں چاہے کسی ادارہ میں پانچ کارکن ہی کیوں نہ ہوں۔

• — چھٹیوں کی تعداد بھی بڑھا دی گئی ہے۔

• — کان کنوں کو بھی صحت اور تحفظ کی بہتر سہولتیں، سالانہ چھٹیاں اتفاقی اور بیماری کی چھٹیاں دی جائیں گی۔

• — لیبر عدالتوں سے کہا گیا ہے کہ وہ انفرادی مقدمات کا فیصلہ سات دن کے اندر کریں۔

• — معمولی حادثہ کی صورت میں معاوضہ کی رقم چار سو روپے بڑھا کر چھ ہزار کر دی گئی ہے جبکہ موت کی صورت میں یہ رقم دو ہزار روپے سے بڑھا کر دس ہزار روپے کر دی گئی ہے۔

• — یونین کے عہدیداروں کو انتقامی کارروائی کے خلاف پورا تحفظ کیا جائے گا۔

• — ایک رکنی لیبر عدالتیں قائم کرنے کے لئے مزدوروں کا مطالبہ مان لیا گیا۔

• — قانونی ہڑتال کے دوران معطل شدہ ملازمین کو ختم کرنے پر پابندی ہوگی۔

• — منافع میں مزدوروں کا حصہ چار فیصد سے بڑھا کر پانچ فیصد کر دیا گیا ہے۔ جو ہر سال نقد ادا کیا جائے گا۔

دل کے سوراخ کی پیوند کاری

اوپن ہارٹ سرجری کا آپریشن

کراچی ۲۴ اگست (رستنات ...) پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار اوپن ہارٹ سرجری کا آپریشن کیا گیا۔ یہ آپریشن جناح ہسپتال کے ہارٹ سرجری کے سربراہ ڈاکٹر عبدالغفار جتوئی نے ...



حضرت علی کی روایات کو تازہ کیا جائے: علامہ تجار جری

یوم ولادت علی پر جلوس کا پروگرام

کراچی ۲۰ اگست (رستنات ...) علامہ ابن حسن جارچوی نے کہا ہے کہ ملک جس نازک دور سے گزر رہا ہے اس دور میں سب سے زیادہ ضرورت ہے کہ ہم شجاعت کی ان روایات کو تازہ کریں جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے قائم کی تھیں ...

یہ موجودہ حکومت کا سب سے بڑا کارنامہ ہے

ڈاکٹر منظور کی جانب سے کالجوں کو قومی تحویل میں لینے کا خیرمقدم

کراچی ۲ ستمبر۔ جامعہ کراچی کے شعبہ سیاسیات کے صدر ڈاکٹر منظور الدین احمد نے کہا ہے کہ نجی کالجوں کو قومی تحویل میں لینے کا اقدام موجودہ عوامی حکومت کا سب سے بڑا کارنامہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے تعلیمی مفاد بہت تعلیمی تاجروں کے مفادات پر کاری ضرب ...

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَے ایمان والو! جانتے بوجھتے اللہ اور اُس کے رسولؐ کے ساتھ خیانت نہ کرو اور اپنی امانتوں میں غداری کے مرتکب نہ ہو۔

سحر قریب ہے شاید میرے وطن کے لئے
کہی ہے کس نے اذاں لا الٰہ الا اللہ

اَب کِس کے خِلاف؟

بھارتی وزیر جنگ مسٹر جگجیون رام نے مدراس (جنوبی بھارت) میں چیمبرز آف کامرس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا ہے کہ بھارت ہر سال تقریباً پونے چار ارب کا جدید اسلحہ تیار کر رہا ہے اس میں سے دو ارب ۲۰ کروڑ روپے کی مالیت کے صرف ٹینک شکن میزائل تیار کیے جا رہے ہیں باقی اسلحہ میں راکٹ۔ مارٹر توپیں۔ مشین گنیں۔ مختلف قسم کی خودکار رائفلیں اور دیگر آٹو میٹک ہتھیار شامل ہے۔ بھارتی وزیر جنگ نے یہ بھی بتایا کہ بھارت میں اسلحہ ساز فیکٹریوں کی تعداد اب تیس ہو گئی ہے انہوں نے جنگی اسلحہ سازی میں تیز رفتار ترقی کی تفاصیل بیان کرتے ہوئے اعلان کیا کہ بھارتی افواج میں توسیع اور انہیں جدید ترین اسلحہ سے لیس کرنے کے ساتھ ساتھ جنگی سازو سامان کی تیاری پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے اور اس مقصد کے لیے متعدد سکیمیں بروئے کار لائی جا رہی ہیں۔

مسٹر جگجیون رام نے صرف چھوٹے خودکار اسلحہ کی تفصیل ہی بتائی ہے ان کے اس بیان سے بھارت ایٹم بم بنانے کی تیاریوں۔ بحری جنگی جہازوں۔ طیاروں۔ بڑی توپوں۔ ٹینکوں اور اس قسم کے دوسرے بھاری اسلحہ کی تیاری پر کوئی روشنی نہیں پڑتی اور نہ ہی یہ معلوم ہو سکتا ہے کہ بھارت ہر سال دوسرے ملکوں سے کتنا اور کس قسم کا اسلحہ سمیٹ رہا ہے۔ مثال کے طور پر بھارتی وزیر جنگ نے اس بارے میں مکمل رازداری سے کام لیا ہے کہ روس کے ساتھ جنگی معاہدے کے تحت بھارت نے کتنے اور کس قسم کے جدید ترین ہتھیار حاصل کیے ہیں۔ اسی بھارتی وزیر جنگ نے ان فیکٹریوں اور کارخانوں کی تعداد یا ان میں تیار ہونے والے "مال" کی مالیت ابھی نہیں بتائی جو "وار سروس انڈسٹریز" کے زمرہ میں آتی ہیں۔ اگر ان اخراجات کا حساب کیا جائے تو بھارت کے جنگی اخراجات کئی ارب روپے سالانہ بنتے ہیں۔

مشرقی پاکستان پر طاقت کے بل پر قبضہ کے بعد بھارتی افواج میں توسیع اور اسلحہ جنگ کی پیداوار میں اضافہ کے عزائم اب کس کے خلاف ہیں؟ جبکہ پاکستان میں تو اب بھارت کے ساتھ کشمکش ختم کرنے اور امن کے ساتھ رہنے کے چرچے ہیں اور اہل پاکستان کو اہل مشرقی پاکستان کا غم بھلانے کی بھی کوشش کی جا رہی ہے۔ پھر بھارت کی وسیع پیمانے پر جنگی تیاریوں کا مقصد کیا ہے؟ ممکن ہے بھارتی حکمران اس سوال کا یہ جواب دیں کہ انہیں چین کی طرف سے خطرہ ہے۔ ماضی میں بھی تو وہ چین کا ہوا کھڑا کر کے امریکہ روس اور کئی دوسرے ملکوں سے جدید ترین اسلحہ بٹورتے رہے ہیں بلکہ امریکہ سے تو انہوں نے اپنی فضائی حدود کے تحفظ کی ضمانت بھی حاصل کر لی تھی لیکن ایک معمولی سے معمولی فہم و دانش کا انسان بھی یہ سمجھ سکتا ہے کہ چین کی طرف سے بھارت کو کوئی خطرہ لاحق نہیں۔ اولاً چین کسی کے خلاف جارحانہ ارادے نہیں رکھتا۔ وہ اپنی ترقی کے مراحل طے کر رہا ہے وہ کسی جنگ کا خطرہ مول نہیں لینا چاہتا۔ ثانیاً چین اور بھارت کے درمیان کوہ ہمالیہ حائل ہے اور ان دونوں ملکوں کے مابین تمام سرحدی علاقے سال کا بیشتر حصہ برف سے ڈھکے رہتے ہیں۔ ان حالات میں یہی نتیجہ اخذ کرنا پڑتا ہے کہ بھارت کی خارجہ پالیسی کے خالقوں نے بھارت کو ایشیا کی سب سے بڑی طاقت بنانے اور افغانستان سے لے کر انڈونیشیا تک اپنے "برہمنی سامراج" کے پاؤں پھیلانے کا جو خواب دیکھا تھا یہ جنگی تیاریاں اسی خواب کو شرمندۂ تعبیر کرنے کی کوششوں کا ایک حصہ ہیں۔ اور اس علاقہ کے تمام چھوٹے ملکوں بالخصوص پاکستان کے لیے خطرے کا باعث ہیں۔ پاکستان کو اس لیے بھی سب سے زیادہ خطرہ ہے کہ بھارتی اثر و نفوذ اور سیاسی تغلب و تسلط کی سکیم اس وقت تک مکمل نہیں ہوتی جب تک وہ اپنی سرحدوں پر واقع ملکوں کو اپنا حلقہ بگوش نہیں بنا لیتا۔

قطع نظر اس حقیقت کے کہ ہم ماضی میں اپنی دفاعی تیاریوں پر کما حقہ توجہ نہیں دے سکے اپنی کم و بیش تمام تر دفاعی ضروریات کے لیے غیروں پر انحصار کرتے رہے۔ بھارت نے تو اس عرصہ میں اپنے وسائل و ذرائع سے بے پناہ ہتھیار تیار کرنا شروع کر دیئے اور چھوٹے اسلحہ کی تیاری کے لیے ایسی فیکٹریاں قائم کر لیں لیکن ہم کچھ بھی نہ کر سکے اور ہماری کاوشیں ایک معمولی سی فیکٹری کی تنصیب سے متجاوز نہ کر سکیں (یہ فیکٹری بھی ایک عرصہ تک ٹریکٹروں وغیرہ کے پرزے تیار کرتی رہی) اس وقت بھی جبکہ بھارت بڑے بھرپور انداز میں اپنی جنگی صلاحیتوں میں اضافہ کر رہا ہے ہم یہ سمجھ کر مطمئن ہو کر بیٹھ گئے ہیں کہ بھارت ہمارے ساتھ صلح اور امن چاہتا ہے۔ ہم ہر چیز کو دوستی اور امن کی "سپرٹ" میں لے رہے ہیں اور اپنی ایک فیکٹری جو تھوڑا بہت اسلحہ تیار کر لیتی ہے اسے بھی بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور اس کے مال کو ناقص اور ناکارہ قرار دے رہے ہیں۔ یہ تشویشناک صورت حال وابستگانِ اقتدار و اختیار اور قومی حلقوں کے لیے ایک لمحۂ فکریہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ ہمیں بھارت کے ماضی اور موجودہ جنگی تیاریوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ سوچنا چاہیے کہ ہم اپنے "بڑے بھائی" پر کس قدر بھروسہ کر سکتے ہیں اور اگر اس "بڑے بھائی" نے اپنے ماضی کے کردار کا اعادہ کیا تو ہم کیا کریں گے؟

بشکریہ نوائے وقت

فرمودۂ اقبال



کھویا نہ جا صنم کدۂ کائنات میں
محفل گداز! گرمیٔ محفل نہ کر قبول
صبحِ ازل یہ مجھ سے کہا جبرئیل نے
جو عقل کا غلام ہو وہ دل نہ کر قبول
باطل دوئی پسند ہے حق لا شریک ہے
شرکت میانۂ حق و باطل نہ کر قبول
(ضربِ کلیم)

بحضورِ قائدِ اعظمؒ

انور حارثی

منتشر قوم کا شیرازہ ہوا تیرے بعد
منحرف شمع سے پروانہ ہوا تیرے بعد
ورطۂ یاس میں ڈوبے ہیں محبانِ وطن
اف یہ تبدیلیٔ معیارِ وفا تیرے بعد
جس کی دیواروں پہ ہم ناز کیا کرتے تھے
وہ چمن قابلِ تسخیر بنا تیرے بعد
یہ خدا لگتی ہے اے خسروِ صاحب نظراں!
ہو گیا بند درِ صدق و صفا تیرے بعد
قومِ آوارہ عناں تاب ہے پھر سوئے بتاںؑ
نہ رہا مرکزِ تنظیم و وفا تیرے بعد
فکرِ اقبالؒ کے دیرینہ پرستاروں نے
شمعِ امید کو بجھنے نہ دیا تیرے بعد
یہ حریفانہ کشاکش! یہ محاذ آرائی!
کشورِ پاک کا حافظ ہے خدا تیرے بعد

ؑ "قومِ آوارہ عناں تاب ہے پھر سوئے حجاز" علامہ اقبالؒ

پاکستانی نظریۂ حیات

تحریر: ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی

ہر ملک اور ہر سلطنت کے وجود کی کوئی علت غائی ہوتی ہے ایسا نہیں ہوتا کہ کسی جغرافیائی وحدت یا انسانوں کی جماعت سے بے بات ایسا لگاؤ پیدا ہو جائے کہ اس سے متعلق افراد اس کیلئے جان دینے کو تیار رہیں اور اس کی حفاظت کے لئے اپنا خون بہانا عین سعادت تسلیم کریں۔ مفکرین نے یہ معلوم کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ لگاؤ کن اسباب کی بناء پر پیدا ہوتا ہے لیکن تجزیے سے ہمیشہ یہی معلوم ہوا ہے کہ اور وجدانی کیفیات کی طرح اس کا بھی کوئی مادی یا منطقی سبب نہیں ہوتا۔ جس وحدت سے یہ قلبی تعلق پیدا ہوتا ہے اس سے بعض غیر مادی خصوصیات وابستہ ہوتی ہیں اور یہ خصوصیات ہی وطن کی دوستی کی بنیاد ہوتی ہیں۔ اگر کسی انگریز یا فرانسیسی سے پوچھا جائے کہ تجھے انگلستان یا فرانس سے کیوں محبت ہے؟ تو وہ آسانی سے اس کا جواب نہیں دے سکے گا۔ لیکن مزید جرح پر یہ بات نکلے گی کہ وہ ان خصوصیات کو عزیز رکھتا ہے جو انگلستان یا فرانس کو دوسرے ممالک سے ممتاز کرتی ہیں۔ اس قسم کے ملک میں تو یہ خصوصیات صدیوں کے ساتھ رہنے سے پیدا ہوتی ہیں لسانی وحدت۔ مشترکہ ادب۔ جمالیات کے میدان میں ذوق وغیرہ بعض ایسے محرکات ہیں جو روابط کو مضبوط کرتے کرتے وطن یا ملی وحدت کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ لیکن ان میں سے کوئی بھی اپنی جگہ پر اتنا حاوی نہیں ہوتا کہ وہ ایک وطن یا ایک قوم تعمیر کر سکے۔ مثال کے طور پر فرانسیسی زبان سوئٹزرلینڈ اور بلجیم میں بھی بولی جاتی ہے۔ انگریزی امریکہ اور برطانیہ میں یکساں رائج ہے۔ ہسپانوی ادب، برازیل کے علاوہ تمام لاطینی امریکہ کے لئے مشترک سرمایہ ہے اس کے مقابلہ میں سوئٹزرلینڈ میں ایک زبان نہیں بولی جاتی پھر بھی وہ ایک پائیدار ملک ہے۔ اسلامی ممالک میں تو بہت سے ایسے ہیں جہاں ایک زبان نہیں بولی جاتی۔ اگر زبان ایک نہ ہو تو ادب کا سرمایہ مشترک نہیں ہو سکتا۔ جہاں تک جمالیات کے ذوق کا تعلق ہے تو وہ تمام مغربی اقوام میں مشترک ہیں پھر بھی اس وجہ سے سارا مغرب ایک ملک نہیں بن گیا۔ بجز ایک وجدانی احساس وحدت کے اور کوئی چیز عام طور پر ملک و ملت کی تعمیر کی شرط نہیں ہے۔

پاکستان جب قائم ہوا ہے تو اس برعظیم کے مسلمان باشندوں میں یہ احساس وحدت موجود تھا جو تھوڑے سے عرصہ میں کمزور پڑنے لگا۔ اس کا نتیجہ مشرقی پاکستان کا المیہ ہے اور یہی صوبوں کے درمیان نزاع کا سبب ہے بلکہ خود بعض صوبوں کی کشیدگی کا باعث ہے آخر وہ کیا چیز تھی جس نے تمام ہندوستان کے مسلمانوں کو ایک قوم بنا دیا تھا اور لسانی اور ثقافتی اختلافات کے باوجود وہ اپنے آپ کو ایک ملت سمجھتے تھے اور ان میں علاقائی اختلافات کے باوجود [illegible] کے سبب سے کوئی سیاسی اختلاف نہ تھا؟ بات صرف اتنی تھی کہ اس وقت اس برعظیم کے تمام مسلمان اپنے آپ کو مسلمان سمجھتے تھے اور مسلمان کہتے تھے اور اسی بنا پر ان میں قومی وحدت کا شعور تھا اور اس شعور کی بنا پر ان کے قومی جذبے کی پرورش ہوتی۔ چنانچہ ہر موقع پر انہوں نے بلا اختلاف فرد واحد کی طرح یک زبان ہو کر اپنے موقف کا اعلان کیا۔ اگر انگریزوں سے حقوق کی وصولی کا مسئلہ درپیش آیا یا ہندوؤں کی مخالفت کا تو ان میں کسی علاقائی لسانی وجہ سے اختلاف پیدا نہیں ہوا اور جب پاکستان کا مطالبہ پیش ہوا تو انہوں نے یہ نہ سوچا کہ کس علاقہ میں قائم ہوگا اور کہاں نہیں ہوگا اور اس سے کسے کیا حاصل ہوگا اور کون خسارہ میں رہے گا۔ اور گزشتہ زمانہ میں مشرقی پاکستان کے مسلمانوں نے بے حساب [illegible] پاکستان کے ساتھ زیادہ ہوں گے اور جہاں مسلمان اقلیت میں تھے انہوں نے یہ خیال نہ کیا کہ وہ پاکستان سے متمتع نہیں ہو سکیں گے اب ہمیں یہ احساس کیونکر پیدا ہوا کہ پاکستان سے کسے زیادہ نفع ہے اور کسے کم۔ اس کے معنی یہ نہیں کہ انصاف نہیں ہونا چاہئے لیکن وہ جوش و خروش کہاں گیا کہ ہم نفع و نقصان کا حساب لگائے بغیر پاکستان کا ساتھ دیں گے اور اسے ہر حالت میں عزیز رکھیں گے بات صرف اتنی ہے کہ اسلام سے والہانہ محبت جب تک قائم رہی تو

نفع و نقصان کا خیال

دبا رہا اور جب موقع پا کر غیر مسلم عناصر نے اسلام سے محبت و وفاداری میں سستی پیدا کر دی بلکہ بعض جگہ تو اس متاعِ عزیز کو رخصت ہی کر دیا تو پھر کون چیز ایسی رہی جو پاکستان سے وابستگی کو قائم رکھتی۔ پاکستان آخر مسلمانوں کا وطن ہی تو تھا جب مسلمان ہی نہ رہیں تو ان کا وطن کیسا؟ مسلمان کا کوئی نسلی تصور تو ہے نہیں کہ مسلمان کا بیٹا مسلمان ہی ہوگا۔ مسلمان تو اپنے عقائد سے ہوتا ہے۔ اگر اسلام سے عقیدت کم ہو جائے تو پھر مسلمان کیسے؟ اور پاکستان کیسا؟ یہ تحصیل حاصل ہے کہ پاکستان کی علت غائی اسلام ہے اور اسلام ہی کی حیثیت کی بنا پر اسلامی ثقافت، اسلامی طرز زندگی، اور جذبۂ جہاد و ایثار قائم رہ سکتے ہیں اور اگر اسلام کساد بازاری کا شکار ہو جائے تو پھر ایک بنگلہ دیش نہیں بلکہ کئی بنگلہ دیش ہیں۔ پاکستان کہاں؟ چنانچہ معلوم ہوا کہ پاکستان میں جتنے محرکات قومی وحدت کو نشوونما دینے کے ہو سکتے ہیں ان سب کی جڑ اسلام ہے۔ قائد اعظم نے جب مطالبۂ پاکستان کے حق میں دلائل دینے شروع کئے تو انہوں نے ایک ایک کرکے تمام وہ چیزیں گنائیں جو مسلمانوں کو غیر مسلموں سے ممتاز کرتی تھیں اور ان میں ہر ایک کا تعلق اسلام سے تھا۔ ہماری شریعت الگ ہے تو کیوں؟ اس لئے کہ ہم مسلمان ہیں۔ ہمارے تیوہار الگ ہیں تو کیوں؟ اس لئے کہ ہم مسلمان ہیں۔ ہماری ثقافت الگ ہے تو کیوں؟ اس لئے کہ ہم مسلمان ہیں۔ ہماری تاریخ الگ ہے تو کیوں؟ اس لئے کہ ہم مسلمان ہیں۔ اگر ہم مسلمان نہ ہوں تو ہم میں وہ انفرادیت کہاں سے آئے گی جس کے ہم مدعی ہیں۔ اسی کی حفاظت کے لئے ہی ہم نے پاکستان لیا تھا۔ اگر ہم اسلام چھوڑ دیں تو [illegible] میں کیا فرق رہ جاتا ہے کہ ہم ہندوستان کے تسلط سے متنفر ہوں اور ہندو بنائے رہنے پر آمادہ رہیں؟

وطن اس مٹھی بھر خاک کا نام نہیں ہے جس سے اس کی زمین مرکب ہے یہ مٹھی بھر خاک جو سرچشمہ بنتی ہے تو اس وجہ کہ اس میں معتقدات و نظریات، امیدوں اور امنگوں، ارادوں اور حوصلوں کا ایک قصر تعمیر ہوتا ہے۔ اصل وطن ان روحانی سرحدوں کا نام ہے کہ اگر خدانخواستہ وہ کمزور پڑ گئیں تو ملکی زندگی کمزور پڑ جائے گی جب ہم یہ کہتے ہیں کہ پاکستان مسلمانوں کا وطن ہے اور اسلام سے ہی اس کا شیرازہ مرتب ہو سکتا ہے تو ہماری مراد ایسے عمل اسلام سے نہیں ہوتی۔ اگر آپ اجازت دیں تو نمازیں علانیہ بھی پڑھی جاتی ہیں اور روزے بھی رکھے جاتے ہیں لیکن اسلام ایک ایسے موثر عقیدے کے طور پر جو زندگی کے دھارے کو اپنی روشنی سے جانچے مفقود ہے۔ پاکستان جب قائم ہوا تو مسلمانوں کا مقصد یہی تھا کہ اسلام کو پھر فعال بنایا جائے اور اس سے مشعل قومی میں جان ڈالی جائے۔ ہمارے رہنماؤں نے کہا تھا کہ وہ پاکستان کو ایک تجربہ گاہ بنانا چاہتے ہیں جہاں اصول اسلام پر عمل کرکے دنیا کو دکھایا جائے کہ اسلام اپنی اجتماعی شکل میں کتنی امکانات کا حامل ہے ہم نے خدا سے، ساری دنیا سے اور خود اپنے ضمیر سے وعدہ کیا تھا کہ ہم یہ ثابت کر دکھائیں گے کہ اسلام چودھویں صدی ہجری کے اواخر میں بھی ویسا ہی انقلاب لا سکتا ہے جیسا وہ قرون اولیٰ میں لایا تھا۔ لیکن ہم پاکستان ملتے ہی اپنے اس عزم و ارادہ کو بھول گئے اور ہم نے اپنے زعم میں ترقی کی نئی راہیں تلاش کیں جنہوں نے ہمیں مادیت کے جال میں پھنسا کر چھوڑ دیا اس کے نتیجے میں جنگ زرگری شروع ہوئی کہ ہوس زر ہی ہماری زندگی کے لئے مشعل راہ بن گئی۔ ہم جیسے تو دولت کمانے کے لئے ہر کوئی دولت کی تلاش میں۔ ہم نے تعلیم حاصل کی روپیہ کمانے کے لئے اور ہم نے اپنی اولاد کا کردار بنایا کہ اسے جائز و ناجائز طریق سے اپنی معاشی حالت کو بہتر بنا سکے۔ ایک دور تھا جو شیطان کے اشارہ پر ہم بڑھتے رہے تھے۔ کوئی ایسی برائی جو قابل اخلاق ہوتی ہے لیکن جو دولت سمیٹنے میں کارآمد ہوتی ہے ہم نے چھوڑی نہیں رشوت، چور بازاری، احتکار، گراں فروشی، ملاوٹ، دغا بازی اقربا پروری، خیانت، کس عیب سے ہم نے گریز کیا! اور یہ ساری دولت جو حرام طریقوں سے ہمارے پاس آئی اسے ہم نے عیش و عشرت پر خرچ کیا یا بچا کر کے انبار لگائے جو پاکستان اور غیر پاکستانی بنکوں میں موجود ہیں۔ وہ کون سا انفرادی یا اجتماعی گناہ تھا جو ہم نے کمانے کے لئے اختیار نہ کیا۔

انفرادی گناہ کا صرف اللہ اور مرتکب کے درمیان ہی تعلق نہیں ہوتا لیکن اجتماعی گناہوں کا نتیجہ تو ملت اور ان کی فصیل

جذباتی

(رئیس امروہوی)

مشکلیں جتنی سرِ راہِ عمل آتی ہیں
کچھ ہمیں اور بھی بدمست بنا جاتی ہیں
نہ خطا کار نہ بدخو۔ نہ خراباتی ہیں
ہم ہیں صرف ایک ہی خامی ہے کہ جذباتی ہیں

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹرانٹو، کینیڈا

نمبر ۱۲ | ۱۵ ستمبر ۱۹۷۲ء | جلد ۱

مستقبل کے تعلقات کیلئے مجیب سے ملاقات ضروری ہے

ملاقات سے قبل تسلیم کرنے کی شرط غیر منطقی ہے؛ مصر نے بنگلہ دیش کو تسلیم نہیں کیا مگر بنگلہ دیشی وزیر خارجہ قاہرہ پہنچ گئے؛

شملہ معاہدہ میں کوئی چیز پاکستان کے مفادات کے خلاف نہیں؛

شملہ معاہدہ پر ہم نے عملدرآمد کی نیت سے دستخط کئے ہیں

بھارت معاہدہ کے تحت پاکستان کا پانچ ہزار مربع میل علاقہ خالی کرے گا۔

کراچی ۱۳ اگست (داساس) ریاست [illegible] صدر بھٹو نے کہا ہے کہ مستقبل کے تعلقات کے لئے شیخ مجیب الرحمان سے بات چیت ضروری ہے [illegible] صدر بھٹو نے کہا کہ شیخ مجیب سے ملاقات میں تمام غلط فہمیاں دور ہو سکتی ہیں اور اس بات کا فیصلہ ہو سکتا ہے کہ آئندہ مسلم بنگال اور مغربی پاکستان کے درمیان کس قسم کے تعلقات قائم ہو سکتے ہیں۔ ملاقات سے قبل بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کی شرط غیر منطقی ہے اگر بنگلہ دیش کو تسلیم ہی کر لیا جائے تو پھر ملاقات کی کیا ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد بنگلہ دیش نے بیشتر طرف پاکستان کے ساتھ ہی کیوں [illegible] ہے مصر نے بنگلہ دیش کو تسلیم نہیں کیا پھر بھی بنگلہ دیش کے وزیر خارجہ وہاں گئے۔ صدر نے معاہدہ شملہ کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے اس معاہدے پر اس لئے دستخط کئے ہیں تاکہ اس پر عملدرآمد کیا جائے بھارت اس معاہدے کے تحت پاکستان کا پانچ ہزار مربع میل کا علاقہ خالی کرے گا اس معاہدے میں کوئی بات پاکستان کے مفادات کے خلاف نہیں ہے۔

ریئسانی چھ افریقی ممالک کا دورہ کریں گے

اسلام آباد ۲۱ اگست (اپپ) [illegible] ریئسانی [illegible] افریقی ممالک کے دورے پر روانہ ہو گئے [illegible] اسلام آباد ائیرپورٹ پر [illegible] پاکستان جنگ کے دوران [illegible] پاکستان کی حمایت کی تھی۔

اسرائیل پاکستان کو عربوں کا بڑا خطرہ سمجھتا ہے

بیروت ۲۱ اگست (اپپ) [illegible]

روس نے بھارت کو جنگ پر اکسا کر فریقین کی مخاصمت کو ہوا دی

اختلافات کو ہوا دینے کے بعد روس نے بھارت اور بنگلہ دیش کو اپنے چنگل میں جکڑ لیا

سلامتی کونسل میں چینی مندوب کی تقریر؛ بنگلہ دیش اسال رکن نہیں بن سکتا

اقوام متحدہ ۲۴ اگست (اپ پ، رائٹر، اے پی، اپ) کل شب سلامتی کونسل میں بنگلہ دیش کی اقوام متحدہ میں شمولیت کے مسئلہ پر [illegible]

[illegible]

فوجوں کی واپسی میں دس روز کی تاخیر

دونوں ملکوں کی فوجیں ۱۵ ستمبر تک مقبوضہ علاقے خالی کر دیں گی؛ نئی دہلی میں پاکستان اور بھارت کے افسروں میں بات چیت کے اختتام پر مشترکہ بیان

کشمیر میں کنٹرول لائن کا تعین ۴ ستمبر تک ہو جائے گا

بھارت جانے والے پاکستانیوں کو بھارتی فوج آباد کر کے جائے گی

شملہ سمجھوتہ پر پوری طرح عملدرآمد کرانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد ۲۹ اگست (اپپ) [illegible] پاکستان اور بھارت کی فوجوں کی واپسی کے کام میں دس روز کی تاخیر ہو گی۔ نئی دہلی میں [illegible]

[illegible]

مولانا مودودی کی صدر بھٹو سے ملاقات

ملاقات پونے گھنٹے تک بند کمرے میں ہوئی

لاہور [illegible] جماعت اسلامی کے بانی مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی نے [illegible] ملاقات [illegible]

[illegible]